# معلمؒ کے لئے ہدایت

۱۔ سبق پڑھنے کے بعد بچوں سے ایسے سوالات کئے جائیں جن کے ذریعہ بچے سبق کے مفہوم کو ادا کر سکیں۔

۲۔ سبق کے بعد والے سوالات کھلوا کر زبانی یاد کرائے جائیں۔

۳۔ مدرس خود بھی سوالات کریں۔

۴۔ جہاں ضرورت ہو وہاں عملی تعلیم دی جائے۔

## بائیسواں سبق

## حلال اور حرام

دین و شریعت نے جن چیزوں کے استعمال کو جائز قرار دیا ہے۔ انھیں حلال کہا جاتا ہے اور جن چیزوں کے استعمال سے روک دیا ہے انھیں حرام کہا جاتا ہے۔

حلال و حرام کا پہچاننا اور حرام سے پرہیز کرنا بے حد ضروری ہے۔ ہر نجس چیز کا کھانا پینا حرام ہے۔ جیسے پیشاب پاخانہ، خون، شراب وغیرہ نجس ہیں۔ لہذا ان کا کھانا پینا حرام ہے۔ لیکن ہر پاک چیز کا کھانا پینا ضروری نہیں کہ حلال ہو جیسے مٹی پاک ہے لیکن اسے کھانا جائز نہیں۔

البتہ صرف ضرورت کے وقت .بیماری سے شفا حاصل کرنے کے لئے امام حسینؑ کی قبر کی تھوڑی سی مٹی کھانا جائز ہے۔

### سوالات:

۱۔ حلال و حرام کا فرق بتاو۔

۲۔ مٹی کا کھانا کیسا ہے ؟

۳۔ نجس چیزوں کا کھانا پینا کیسا ہے ؟

# ستائیسواں سبق

# تیمم

وضو یا غسل کرنے والے کو اگر پانی نہ ملے یا بیماری وغیرہ کی وجہ سے پانی کا استعمال کرنا نقصان دہ ہو یا نماز کے لئے وضو یا غسل کرنے کی وجہ سے قضا ہو جانے کا خطرہ ہو تو وضو یا غسل کرنے کے بجائے تیمم کرنا چاہئیے۔

تیمم صرف مٹی یا پتھر پر ہو سکتا ہے۔ اگر یہ چیزیں نہ ملیں تو گرد و غبار پر بھی تیمم کیا جا سکتا ہے۔

تیمم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے نیت کرے کہ "تیمم کرتا ہوں وضو یا غسل کے بدلے "قربۃً الی اللہ: نیت کے ساتھ دونوں ہاتھوں کو ملا کر خاک پر مارا پھر ہاتھوں کو جھاڑ کر پہلے دونوں ہتھیلیوں کو پوری پیشانی پر اوپر سے نیچے کی طرف پھیرے پھر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو داہنے ہاتھ کی پشت پر گٹے سے انگلیوں تک پھیرے پھر اسی طرح داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پشت پر پھیرے پھر دو بارہ ہاتھ مارے اور صرف دونوں ہاتھوں کا مسح کرے۔

اگر ہاتھ میں چھلا یا انگوٹھی وغیرہ ہو تو اسے تیمم کرتے وقت اتار دینا چاہئیے نماز کا وقت نکل جانے کے بعد اگر پانی مل جائے تو تیمم سے پڑھی ہوئی نماز کو دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## سوالات:

۱۔ تیمم کب کرنا چاہئیے؟

۲۔ تیمم کس چیز پر ہوگا؟

۳۔ اپنے کو تیمم کر کے دکھاؤ۔

# پینتیسواں سبق

## خمس

خمسؔ سات چیزوں پر واجب ہوتا ہے:

۱ـ سالانہ بچت ۲ـ خزانہ ۳ـ کان ۴ـ مال حلال جس میں مال حرام مل جائے اور مال حرام کی مقدار نہیں معلوم ہو ۵ـ جواہرات وغیرہ جنھیں غوطہ لگا کر نکالا جائے ۶ـ جہاد کا مال غنیمت ۷ـ ذمی کافر کی زمین جو اس نے مسلمان سے خریدی ہو۔

سال بھر میں نوکری ۔ کھیتی ۔ تجارت ۔ محنت ۔ مزدوری ۔ تحفہ وغیرہ کسی ذریعہ سے جو مال ملے سال کے آخری دن اس مال کی بچت کا پانچواں حصہ خمس کے طور پر نکالنا واجب ہے خمس کے دو حصہ ہوتے ہیں ایک حصہ امام علیہ السلام کا ہے جو مجتہد کو دیا جاتا ہے اور ایک حصہ سادات کا حق ہے جو صرف ان سیدوں کو دیا جائے گا جو غریب ہوں اور کھلم کھلا گناہ نہ کرتے ہوں۔ اگر کسی کی ماں سیدانی ہو اور باپ سید نہ ہو تو اسے خمس نہیں دیا جا سکتا۔ لیکن اگر کسی کی ماں سیدانی نہ ہو مگر باپ سید ہو تو اسے خمس دیا جا سکتا ہے۔

### سوالات:

۱ـ خمس کن چیزوں پر واجب ہوتا ہے؟
۲ـ کس دن کا حساب کرنا چاہئیے؟
۳ـ مجتہد کو خمس کا کونسا حق دیا جاتا ہے؟

# اڑتیسواں سبق

## قرآن پڑھنے کے آداب

قرآن مجید پڑھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

۱۔ تلاوت سے پہلے وضو کرنا چاہئیے۔

۲۔ تلاوت کے وقت سر کھلا نہ رکھنا چاہئیے۔

۳۔ تلاوت سے پہلے اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیم کہنا چاہئیے۔

۴۔ تلاوت کے بعد صَدَقَ اللّٰہُ العَلِّی العَظِیم کہنا چاہئیے۔

۵۔ تلاوت سے پہلے اور تلاوت کے بعد صلوات پڑھنا چاہئیے۔

۶۔ تلاوت کرنے میں حروف کو صحیح طریقے سے ادا کرنا چاہئیے۔

۷۔ سورہ حمد کے ختم ہونے پر اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العَالَمِین کہنا چاہئیے۔

۸۔ سورہ قل ھو اللہ پڑھنے کے بعد کَذٰلِکَ اللّٰہُ رَبِّی کہنا چاہئیے۔

۹۔ سورہ برات سے پہلے بِسمِ اللہ کے بجائے اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِن غَضَبِ الجَبَّارِ کہنا چاہئیے

۱۰۔ سجدہ والی آیتوں کی تلاوت کے بعد سجدہ کرنا چاہئیے۔

### سوالات:

۱۔ تلاوت قرآن سے پہلے کیا کہنا چاہئیے اور بعد میں کیا کہنا چاہئیے؟

۲۔ سورہ قل ھو اللہ کے بعد کیا کہنا چاہیئے؟

۳۔ سورہ برات کی تلاوت سے پہلے کیا کہنا چاہئیے؟

## سورہ کافرون

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

قُل یٰآیُّھاالکَافِرُونَ۰ لَا اَعبُدُ مَا تَعبُدُونَ ۰
وَلَآ اَنتُم عَابِدُونَ مَآ اَعبُدُ۰ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدتُّم ۰ وَلَآ اَنتُم عَابِدُونَ مَآ اَعبُدُ ۰
لَکُم دِینُکُم وَلِیَ دِین

## سورہ انشراح

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

اَلَم نَشرَح لَکَ صَدرکَ ۰ وَوَضعنَا عَنکَ
وِزرَکَ ۰ الَّذِیَ اَنقَضَ ظَھرَکَ ۰
وَ رَفَعنَالَکَ ذِکرَکَ اِنَّ مَعَ العُسرِ یُسراً ۰ فَاِنَّ مَعَ العُسرِ یُسراً ۰
۰ فَاِذَ ا فَرَغتَ فَانصَب ۰
وَ اَلیٰ رَبِّکَ فَارغَب

